بینک اسلامی

تکافل
Health Takaful

BankIslami

Jubilee Life Insurance Company Limited-Window Takaful Operations

Jubilee
FAMILY TAKAFUL

Serving you, the Right way

BankIslami Pakistan
www.bankislami.com.pk

24/7 Phone Banking
111-ISLAMI (111-475264)

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان

آج کے دور میں جدید طبّی علاج بہت مہنگا ہے۔ خدانخواستہ اگر آپ کو یا آپ کی فیملی کے کسی فرد کو ہاسپٹل میں داخل ہونا پڑ جائے تو آپ کی مدنی پر اضافی بوجھ آجاتا ہے اور معیاری طبّی علاج تک رسائی بہت مشکل ہو جاتی ہے۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کے ذریعے حاصل ہونے والا فائدہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ اور آپ کی فیملی کو اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن کے دوران بہترین علاج میسر آسکے۔ **جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان** ، ہاسپٹلائزیشن کے دوران عام طور سے ہونے والے ضروری اخراجات کے حوالے سے آپ کو /500,000 روپے تک کے لیے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان آپ کا اوّلین انتخاب کیوں ہونا چاہیے؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان میں مندرجہ ذیل ایسے پُرکشش فوائد شامل ہیں جو اپنی نوعیت میں لاجواب اور دولت کی حقیقی قدر ہیں۔

پیشکشیں	نوعیت	سالانہ فائدے کی حد
اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن فائدہ	ہاں	250,000 یا 500,000
*پہلے سے موجود طبّی حالتیں کورڈ	ہاں	50% فیصد تک
شریکِ حیات اور بچے کور	ہاں	250,000 یا 500,000
پارٹیسپینٹ ممبرشپ کی اجراء کی تاریخ سے 14 دن کے اندر ممبرشپ منسوخ کرواسکتا ہے۔		

* پہلے سے موجود طبّی حالتیں، تیرہویں (13th) مہینے سے اور اُس کے بعد ہر سال 10% اضافے کے ساتھ سالانہ فائدے کی حد کے زیادہ سے زیادہ 50% تک، ہر سال 10% اضافے کے ساتھ کور رہوں گی۔ پہلے سے موجود کوریج کی روپے کی قدر کا تعیّن، سالانہ فائدے کی حد میں کور ہونے والی پہلے سے موجود حالتوں کی شرح فیصد پر اطلاق کے ذریعے ہوگا۔

پروڈکٹ پیکجز:

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان ، دو (2) پُرکشش پیکجز میں دستیاب ہے اور آپ اپنی ضرورت اور آسانی کے مطابق کسی ایک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ **جوبلی ہیلتھ شیلڈ** کے دونوں پیکجز کے مختلف سالانہ فائدے کی حدیں مندرجہ ذیل ہیں:

جوبلی ہیلتھ شیلڈ	سِلور	گولڈ
اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن فائدہ	250,000	500,000
کمرے کی نوعیت	7500	20,000
شریکِ حیات اور بچے کور	اختیاری	اختیاری

اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن فائدہ کیا ہے؟

اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن فائدے کا مطلب ہے بیماری، چوٹ یا سرجیکل آپریشن کے لیے وہ علاج اور خدمات جو کسی ایسے مریض کو فراہم کی گئی ہوں جو نیٹ ورک ہاسپٹل میں داخل ہو اور اُسے بیڈ تفویض کر دیا گیا ہو۔ اس طرح کے ایڈمیشن میں اٹھنے والے اخراجات، جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کو ر تیج کے تحت اس کے پارٹیسپنٹ ممبر شپ دستاویز کی شرائط وضوابط کے تحت ادا ہوں گے۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کی مدت کتنی ہے؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان سے پانچ (5) سال کی مدت تک فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ پانچ سال کے بعد آپ کو اس پروڈکٹ کے لیے دوبارہ رجوع کرنا پڑے گا۔ اس کی ابتدائی پانچ (5) سال کی مدت کی تکمیل کے بعد تجدید کے وقت، ممبر شپ کی تجدید کا انحصار، پارٹیسپنٹ کے ذریعے ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے پیش کی گئیں شرائط وضوابط کی قبولیت پر ہو گا۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ	سلور	گولڈ
مدت	5 سال	

مجھے جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کی سہولیات حاصل کرنے کیلئے کتنا کنٹریبوشن ادا کرنا ہوگا؟

شراکت کی اطلاع دی جائے گی (شراکت عمر کے) قریب ترین سالگرہ پر مبنی ہے۔

اس پلان میں کون سی فیسوں کا اطلاق ہوگا؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان میں درج ذیل فیسوں کا اطلاق ہوگا:

AHTPF سے وکالہ فیس*	پارٹیسپنٹ ممبر شپ دستاویز کے تحت کور ہونے والے فوائد کے لیے ہر تکافل کنٹری بیوشن 55%
مضارب شیئر* سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدنی کے ذریعے کنٹری بیوشن	ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)، AHTPF (رب المال) کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع میں مضاربہ کی بنیاد پر 40% کا حقدار ہوگا۔

* ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے اس میں تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کون حاصل کرسکتا ہے؟

ایک (1) ماہ کی عمر سے پچپن (55) سال کی عمر* کے درمیان کسی بھی شخص کے لیے جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان حاصل کیا جا سکتا ہے۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ	سلور	گولڈ
اندراج کے وقت عمر	1 ماہ سے 55 سال تک	

*شرائط وضوابط کے مطابق

عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کا انتخاب کیوں کیا جائے؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان مندرجہ ذیل فوائد فراہم کرتا ہے:

- اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن کوَر۔ آپ کی پسند کے پیکج کے مطابق
- پہلے سے موجود حالتوں کی کوَریج کی تطبیق *
- 24/7/365 دن چوبیس گھنٹے سروس۔
- پاکستان بھر کے تمام بڑے اسپتالوں میں قابلِ رسائی
- دولت کی حقیقی قدر

* پہلے سے موجود طبّی حالتیں، تیرہویں (13th) مہینے سے اور اُس کے بعد ہر سال 10% اضافے کے ساتھ سالانہ فائدے کی حد کے زیادہ سے زیادہ 50% تک، ہر سال 10% اضافے کے ساتھ کوَر ہوں گی۔

کیا اس پلان کے تحت انتظار کی کوئی مدت ہے؟

اس رکنیت کی انتظار کی مدت ساٹھ (60) دن ہے، جس کے دوران حادثاتی ہسپتال میں داخل ہونے کے علاوہ دیگر دعوے قابل ادائیگی نہیں ہوں گے۔ اس رکنیت کے تحت مکمل کوریج رکنیت کے اجراء کی تاریخ کے بعد کے ساٹھ (60) دن بعد اور اس رکنیت کے تحت شامل بینیفٹ کو منسلک کرنے کی آخری تبدیلی کی تاریخ کے بعد لاگو ہوتی ہے۔

کیا اِس پلان کے تحت کوئی فری لُک پیریڈ ہے؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان آپکو آفر کرتا ہے کہ 14 دن کا فری لُک پیریڈ جس میں آپ پلان کی تمام شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو ممبرشپ ختم کر سکتے ہیں۔ اگر ممبرشپ کی اجراء کے 14 دن کے اندر اندر منسوخی کی تحریری درخواست موصول ہوگئی تو آپ کا کنٹری بیوشن واپس کر دیا جائے گا۔ آپ کے میڈیکل ایگزامنیشن یا فنانشل ایگزامنیشن / ایگزامنیشنز پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہیں) اور ممبر کی جانب سے AHTPF میں ادا کیے جانے والے تکافل کنٹری بیوشنز کی کٹوتی ہوسکتی ہے۔

پہلے سے موجود طبّی حالت کیا ہے؟

"پہلے سے موجود حالت" کا مطلب ہے کوئی چوٹ، بیماری، حالت یا علامت:

- جس کے لیے ممبرشپ کے اجراء کی تاریخ سے پہلے، کوَر ہونے والے متعلق شخص کے لیے علاج، یا ادویات، یا مشورہ، یا تشخیص کی کوشش کی گئی ہو یا موصول ہوچکی ہو یا قیاس کی گئی ہو، یا
- جس کی ابتدا ہوگئی تھی، یا معلوم تھا یا کوَر ہونے والے شخص یا کوَر ہونے والا جو شخص موجود ہے، کو ممبرشپ کی تاریخ سے قبل معلوم ہونا چاہیے تھا، چاہے علاج، یا ادویات، یا مشورہ یا تشخیص کی کوشش کی گئی ہو یا موصول کی گئی ہو یا نہیں۔

"پہلے سے موجود طبّی حالتوں کی شمولیت" سے کیا مراد ہے؟

"پہلے سے موجود طبّی حالتوں کی شمولیت" سے مراد یہ ہے کہ اگر کوَر ہونے والا شخص ہیلتھ شیلڈ پلان کی سہولت سے فائدہ اٹھانے سے پہلے کسی بیماری / طبّی حالت میں مبتلا ہے تو اُس صورت میں، اُس مخصوص بیماری / طبّی حالت سے متعلق ہونے والے اخراجات* بھی کوَر ہوں گے۔

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کے تحت پہلے سے موجود طبّی حالتیں کوَر کے آغاز ہونے کے بعد، تیرہویں (13th) مہینے سے کوَر ہوں گی

*شرائط وضوابط کے مطابق

کیا پہلے سے موجود طبّی حالتوں سے متعلق تمام اخراجات، کوَر کے آغاز ہونے کے بعد، تیرہویں (13th) مہینے سے کوَر ہوں گے؟

جی نہیں! پہلے سے موجود حالتیں صرف سالانہ فائدے کی حد کی شرح فیصد تک کوَر ہوں گی جیسا کہ مندرجہ ذیل شیڈول میں ظاہر کیا گیا ہے:

سال	1	2	3	4	5 سال اور اس کے بعد
کوَر ہونے والی پہلے سے موجود حالتیں	0%	10%	20%	30%	40%

*پہلے سے موجود طبّی حالتیں، تیرہویں (13th) مہینے (یعنی پہلے سال کے بعد) سے اور اُس کے بعد ہر سال 10% اضافے کے ساتھ سالانہ فائدے کی حد کے زیادہ سے زیادہ 50% تک، ہر سال 10% اضافے کے ساتھ کوَر ہوں گی۔

کیا میں 5 سال کے بعد بھی جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان جاری رکھ سکتا / سکتی ہوں؟

جی ہاں! اگر آپ چاہیں تو آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ 5 سال کے بعد دوبارہ جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کی تجدید کر سکتے / سکتی ہیں۔ تجدید کے وقت، ممبرشپ کی تجدید کا انحصار، آپ کے ذریعے ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے پیش کی گئیں شرائط وضوابط کی قبولیت پر ہوگا (ابتدائی پانچ (5) سال کی مدت کی تکمیل کے بعد)۔

اگر میں 5 سالہ پروڈکٹ سے دوبارہ فائدہ اٹھانا چاہوں تو کیا میری پہلے سے موجود طبّی حالت کی شمولیت دوبارہ 0% سے شروع ہوگی؟

جی نہیں! جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کی سہولیات سے دوبارہ فائدہ اٹھانے کے لیے آپ کا پہلے سے موجود طبّی حالت کا کاؤنٹر وہیں سے شروع ہوگا جہاں وہ گزشتہ وقت پر رُکا تھا۔ تاہم، پہلے سے موجود طبّی حالتوں کے لیے زیادہ سے زیادہ کوَریج، سالانہ فائدے کی حد کے 50% فیصد تک ہوگی۔

مجھے جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کی سہولیات حاصل کرنے کیلئے کتنا کنٹریبوشن ادا کرنا ہوگا؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کے لیے کنٹریبوشن کا انحصار، درج ذیل جدول کے مطابق اندراج کے وقت کوَر ہونے والے شخص / اشخاص کی عمر پر ہے۔

عمر	سِلور	گولڈ
0	9,950	19,900
1	9,950	19,900
2	9,950	19,900
3	9,950	19,900
4	9,950	19,900

عمر	سِلور	گولڈ
5	19,900	9,950
6	19,900	9,950
7	19,900	9,950
8	19,900	9,950
9	19,900	9,950

عمر	سِلور	گولڈ
10	9,950	19,900
11	9,950	19,900
12	9,950	19,900
13	9,950	19,900
14	9,500	18,900
15	9,000	17,900
16	8,450	16,850
17	7,950	15,800
18	7,350	14,550
19	7,350	14,550
20	7,350	14,550
21	7,350	14,550
22	7,350	14,550
23	7,350	14,550
24	7,350	14,550
25	7,350	14,550
26	7,750	15,400
27	8,200	16,250
28	8,600	17,150
29	9,050	18,050
30	9,600	19,100
31	9,600	19,100
32	9,600	19,100

عمر	سِلور	گولڈ
33	9,600	19,100
34	9,600	19,100
35	9,600	19,100
36	10,250	20,450
37	10,900	21,750
38	11,600	23,150
39	12,250	24,550
40	13,100	26,200
41	13,050	26,200
42	13,050	26,200
43	13,050	26,200
44	13,050	26,200
45	13,050	26,150
46	14,650	29,400
47	16,300	32,750
48	18,000	36,200
49	19,750	39,700
50	21,750	43,750
51	21,750	43,750
52	21,750	43,750
53	21,750	43,750
54	21,750	43,750
55	21,750	43,750

کیا میں اپنے/اپنی شریکِ حیات اور بچوں کے لیے جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکتا/سکتی ہوں؟

جی ہاں! آپ اِس پلان میں اپنے/اپنی شریکِ حیات اور بچوں کا اضافہ کر سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو اپنے/اپنی شریکِ حیات اور بچوں کی عمر کے مطابق اضافی کنٹری بیوشن ادا کرنا ہوگا۔

نیٹ ورک میں کون سے ہاسپٹلز دستیاب ہیں؟

جوبلی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز نے بڑی احتیاط کے ساتھ پاکستان بھر میں پھیلے ہوئے تقریباً 200 منتخب ہاسپٹلز پر مشتمل ایک نیٹ ورک تیار کیا ہے۔ جس وقت آپ یہ پلان حاصل کریں گے، پارٹیسپنٹ ممبر شپ دستاویز کے ساتھ، ہاسپٹل پینل کی ایک فہرست آپ کو فراہم کر دی جائے گی۔

نیٹ ورک ہاسپٹل کے کیا فوائد ہیں؟

ہاسپٹلائزیشن کی صورت میں، آپ معیاری علاج کے لیے بِنا کسی خرچے کے نیٹ ورک میں موجود کسی بھی ہاسپٹل کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ جوبلی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے فراہم کردہ ایک آسان پری- آتھورائزیشن (Pre-authorization) طریقہء کار کے ذریعے آپ کریڈٹ کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اس طرح جوبلی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز آپ کے استحقاق کے مطابق آپ کے بلز کی ادائیگی براہِ راست ہاسپٹل کو کردے گا۔ اس سہولت کی وجہ سے آپ مالی مشکلات کا شکار نہیں ہوں گے اور سکون کے ساتھ اپنی صحت کی بحالی پر توجہ مرکوز کرسکیں گے۔

نیٹ ورک میں موجود کون سے نمایاں ہاسپٹلز پاکستان کے مرکزی شہروں میں دستیاب ہیں؟

جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کا انتخاب کرتے ہوئے آپ نیٹ ورک میں موجود مندرجہ ذیل ہاسپٹلز پر مشتمل پاکستان کے مرکزی شہروں میں واقع اعلیٰ اور نمایاں ہاسپٹلز میں رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

شہر	ہاسپٹلز
کراچی	آغا خان یونیورسٹی ہاسپٹل (AKUH) آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل انسٹیٹیوٹ (OMI) ساؤتھ سٹی ہاسپٹل لیاقت نیشنل ہاسپٹل
لاہور	ڈاکٹرز ہاسپٹل اینڈ میڈیکل سینٹر حمید لطیف ہاسپٹل
اسلام آباد	شفاء انٹرنیشنل قائداعظم انٹرنیشنل ہاسپٹل
راولپنڈی	مریم میموریل ہاسپٹل
فیصل آباد	فیصل ہاسپٹل مجاہد ہاسپٹل
ملتان	سٹی ہیلتھ کیئر پرائیویٹ لمیٹڈ فاطمہ میڈیکل سینٹر

تعریفات:

اِن پیشنٹ ہاسپٹلائزیشن: ایسا مریض جو اپنی طبّی حالت کے علاج کے لیے ہاسپٹل میں داخل ہو۔

نیٹ ورک ہاسپٹلز: جوبلی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز کی پینل فہرست میں موجود ہاسپٹلز۔

نا قابلِ قبول حالتیں: ایسی طبّی حالتیں جو جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان کے تحت کور نہیں ہوتیں۔

پری- آتھورائزیشن (Pre-authorization): اس پروڈکٹ کے تحت کور ہونے والی کسی بھی طبّی حالت کے علاج کے لیے خرچہ کرنے سے پہلے اجازت کا حصول۔

اہم نکات:

1. داخلے سے 48 گھنٹے پہلے، شیڈول کے مطابق تمام داخلوں (Scheduled Admissions) سے لازمی طور پر جوبلی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز کو مطلع کیا جائے۔ کوَر ہونے والا شخص/اشخاص کارروائی کے آغاز سے پہلے لازماً جوبلی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز کی آتھورائزیشن حاصل کرے۔
2. ایمرجنسی داخلوں کے لیے، ہاسپٹل / کوَر ہونے والا شخص/اشخاص آتھورائزیشن کے لیے کم از کم 24 گھنٹے پہلے ہم سے رابطہ کرے گا/کریں گے۔
3. اندراج ہونے کے بعد پارٹیسپنٹ کو ایک علیحدہ ہیلتھ کارڈ جاری کیا جائے گا۔
4. معتبر پینل میں موجود فراہم کنندہ سے کریڈٹ پر علاج کی سہولت حاصل کرنے کے لیے، کوَر ہونے والے شخص/اشخاص کو لازماً اپنا/اپنے میڈیکل کارڈز پیش کرنا ہوں گے۔ کوَر ہونے والے ہونے والے ہر شخص کو، خدمت فراہم کنندہ کے پاس موجود کلیم فارم کو پُر کر کے اُس پر دستخط بھی کرنا ہوں گے۔
5. ہنگامی طبّی صورتِ حال میں، کوَر ہونے والا شخص/اشخاص ہمیں 24 گھنٹے کام کرنے والی ٹیلیفون لائنز پر کال کر سکتا ہے۔
6. کوَر ہونے والا شخص کسی مختصر کاروباری دورے پر یا تعطیلات کے دوران پاکستان سے باہر (تکافل کی کسی مدت کے دوران مجموعی طور پر 90 دن سے زیادہ نہ ہو) سفر میں ہو، ہنگامی طبّی فوائد کے لیے اہل ہوگا۔ تمام طبّی اخراجات، بازادائیگی کی بنیاد پر ہوں گے اور طبّی علاج کے لیے چارجز پاکستان میں عام طور پر دستیاب معیاری نوعیت اور مناسب اور مرضی کے مطابق ہوں گے۔
7. یہ کتابچہ صرف تشریحی مقاصد کے لیے ہے۔ پلان حاصل کرنے سے پہلے اِس پلان کی اہم خصوصیات کی تفصیلات کے لیے مناسب ہے کہ آپ پارٹیسپنٹ ممبرشپ دستاویز میں موجود تشریح اور شرائط وضوابط ملاحظہ کریں۔
8. مندرجہ ذیل صورتوں میں ممبرشپ ختم ہوجائے گی:
   - کوَر ہونے والے شخص کا انتقال ہوجائے
   - ممبرشپ کی مدت ختم ہوجائے
   - پہلی غیر اداشدہ کنٹری بیوشن کی واجب الادا تاریخ، جس میں دیا گیا وہ کنٹری بیوشن گریس پیریڈ میں ادا نہیں کیا گیا ہو

استثنات:

اِس سیکشن میں موجود استثنیات، پارٹیسپنٹ ممبرشپ دستاویز میں موجود دیگر استثنیات، کے علاوہ ہیں۔ یہ پروڈکٹ کوئی فائدہ کوَر نہیں کرتی، نہ ہی کرے گی اور نہ ہی مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک یا تمام استثنیات کے نتیجے میں ہونے والے اخراجات کی ادائیگی کرے گی:-

1. ممبرشپ کے پہلے سال کے دوران، ممبرشپ کے تحت پہلے سے موجود کوئی طبّی حالت * کوَر نہیں ہوگی۔ بعدازاں، پہلے سے موجود طبّی حالتیں درج ذیل جدول کے مطابق کوَر ہوں گی:

سال	1	2	3	4	5 سال اور اس کے بعد
کوَر ہونے والی پہلے سے موجود طبّی حالت	0%	10%	20%	30%	40%

***پہلے سے موجود طبّی حالتیں، تیرہویں (13th) مہینے سے اور اُس کے بعد ہر سال 10% اضافے کے ساتھ سالانہ فائدے کی حد کے زیادہ سے زیادہ 50% تک، ہر سال 10% اضافے کے ساتھ کوَر ہوں گی۔ مذکورہ بالا شیڈول میں فراہم کردہ پہلے سے موجود طبّی حالتوں کی کوَریج، بطور سالانہ فائدے کی حد کی شرح فیصد کے ہے۔**

2. کوَر ہونے والے شخص کے ذریعے "غیر منظور شدہ ہاسپٹل" میں کیا جانے والا کوئی بھی علاج۔ ایسے "غیر منظور شدہ ہاسپٹل" اور فزیشنز کا استعمال جو، اِس ممبرشپ کے تحت علاج فراہم کرنے کے لیے ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے منظور شدہ نہ ہوں، اُن کا دعوٰی باطل ہوگا۔
3. کوئی بھی علاج جس کی سفارش ایسے فزیشن نے نہ کی ہو جو پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کاؤنسل سے منظور شدہ اور لائسنس یافتہ ہو یا ایسا علاج، جو طبّی طور پر ضروری نہ ہو۔

4. روٹین جسمانی معائنے، ریسٹ کیورز، خدمات بشمول مامونیت۔

5. دماغی بیماری کا علاج، ذہنی اور نفسیاتی علاج، خود متاثرہ چوٹ، خودکشی، شراب کا استعمال، منشیات کی علت، نکوٹین، تمبا کو نوشی کی علت، کسی بھی شکل میں نشے کا استعمال یا مادّے کا ناجائز استعمال

6. آنکھوں کے چشموں کی رسَد یا فٹنگ، کونٹیکٹ لینسز، آلاتِ سماعت، وہیل چیئرز اور میڈیکل اپلائنسز جن کی سرجیکلی ضرورت نہ ہو۔

7. دانتوں کا کوئی علاج، ایکسرے، دانت کا نکلوانا یا فلِنگ کروانا، بجز اس کے کہ حادثاتی چوٹ لگنے کی وجہ سے ضروری ہو اور اس سے کسی حد تک درد میں آرام آجائے۔

8. جسم کے دیگر کسی حصے کے اعضا کی لاگت (پروستھیسز) یا جسمانی نظام کی اصلاح یا تجدید کے لیے کسی قسم کا معاون آلہ۔

9. آنکھوں کی کسی بھی انعطافی خامی کا علاج بشمول جراحت کی لاگت جیسے کہ "ریڈیئل کیراٹاٹمی" اور "ایکسائمر لیزر"۔

10. موٹاپا کم کرنے، وزن گھٹانے/بڑھانے کے لیے جراحت اور علاج۔

11. کاسمیٹک/پلاسٹک سرجری، بجز اس کے کہ حادثاتی چوٹ لگنے کی وجہ سے جب کَور ہونے والا شخص ٹھیک ہو گیا ہو، تو طبّی طور پر ضروری ہو

12. پولیس یا فوج کے کسی یونٹ میں، بطورکُل وقتی ملازم، بشمول برّی، بحری اور ہوائی خدمات سرانجام دیتے ہوئے، لگنے والی چوٹ یا ہونے والی بیماری اور جنگ میں شرکت، ہنگاموں، معاشرتی افراتفری یا کسی بھی غیر قانونی یا غیر اخلاقی عمل کے نتیجے میں ہونے والا علاج۔

13. ہوائی سفر میں، ماسوا جب اشاعت شدہ شیڈول کے مطابق لائسنس یافتہ ہوائی جہاز میں سفر کیا جا رہا ہو۔

14. کسی بھی قسم کا ایسا اِن پیشنٹ علاج جو عام طور پر آؤٹ پیشنٹ کی بنیاد پر ہو سکتا ہو یا تشخیصی مقاصد کے لیے ہاسپٹل میں کوئی زچگی، بجز اس کے کہ ونڈو تکافل آپریٹر نے خاص طور سے جس کی منظوری تحریری طور پر دی ہو۔

15. پیدائشی خامی یا بدنمائی بشمول جسمانی اور دماغی خرابیاں جو پیدائش سے ظاہر ہوں، کے لیے علاج یا سرجیکل آپریشن۔

16. حمل اور اُس کی پیچیدگیاں، بچے کی پیدائش (بشمول سرجیکل ڈیلیوری)، اسقاطِ حمل، ابیورشن اور/یا ماں باپ سے متعلق، یا بعد از ولادت دیکھ بھال، ختنہ وغیرہ۔

17. بانجھ پن، نامردی، نس بندی اور امتناعِ حمل بشمول ان سے متعلق کوئی بھی پیچیدگی۔

18. کَور ہونے والے شخص کی جانب سے کسی بھی خطرناک اسپورٹس، کھیل کود یا مقابلے بشمول گھڑسواری، کسی بھی قسم کی ریس یا مقابلے میں ڈرائیونگ اور پروفیشنل اور کونٹیکٹ اسپورٹس کے اندر، لیکن اس تک محدود نہیں ہے، شرکت کے نتیجے میں لگنے والی برقرار چوٹوں کا علاج۔

19. کَور ہونے والے اُس شخص کے کھاتے میں، علاج کے لیے ہونے والے اخراجات میں ایسا کوئی بھی اضافہ، جو اپنے کمرے کے کرائے کی روزآنہ حد سے تجاوز کر کے زیادہ مہنگے کمرے میں زیرِ علاج ہو۔

20. آؤٹ پیشنٹ سروسز

21. تجرباتی یا ابتدائی یا اعلیٰ طبّی جراحتی تکنیک جو عام طور پر دستیاب نہ ہو اور جس کا انتخاب کَور ہونے والے شخص نے ایسے علاج کی جگہ کیا ہو جو اُس کی اپنی مرضی کے مطابق فراہم کیا گیا ہو اور پاکستان میں طبّی حالت کے تعلق سے ہو، ماسوا اس کے کہ ونڈو تکافل آپریٹر نے پہلے سے تحریری منظوری دی ہو۔

22. کسی بھی قانون سازی کے تحت لاگت میں ایسا اضافہ جس کی وجہ سے طبّی علاج اور خدمات، جو اصل میں چارجز لیول سے زیادہ موصول ہوں اور جنہیں ایسی قانون سازی کے غیاب میں مناسب اور روایتی اخراجات سمجھا جائے۔

23. کسی بھی مقدمے کی سماعت یا کَور ہونے والے شخص اور طبّی معالج یا ادارے کے درمیان تنازعہ کی وجہ سے بڑھنے والی لاگت جس سے علاج کی خواہش کی گئی ہو یا دیا گیا ہو یا کوئی دیگر لاگت جو خاص طور پر ممبر شپ کے ذریعے کَور ہونے والے طبّی اخراجت کی ادائیگی سے متعلق نہ ہو۔

24. اُن طبّی حالتوں کے حوالے سے مزید طبّی مشورے، جو پہلے سے تشخیص شدہ ہوں اور/یا اس طرح کے مزید طبّی مشورے کی حاصل کی گئی تاریخ پر اُن طبّی حالتوں کا علاج ہو چکا ہو، بجز اس کے کہ ونڈو تکافل آپریٹر کے میڈیکل ایڈوائزرز کی جانب سے سمجھا گیا ہو کہ طبّی حقائق اور حالات کے حوالے سے یہ مناسب اور ضروری ہیں۔

25. جنسی منتقل شدہ بیماری اور ایکوائرڈ امیون ڈیفیشنسی سنڈروم (AIDS) سے متعلق کوئی بھی علاج یا ٹیسٹ یا AIDS سے متعلق کوئی حالت یا بیماری۔

26. کسی بھی گھر، اسپا (Spa)، ہائیڈرو کلینک، سینی ٹوریم یا ایسی جگہ طویل المدت دیکھ بھال کی سہولت جو تعریف کے حوالے سے ہاسپٹل میں شمار نہ ہوتی ہو، میں دی جانے والی خدمات اور علاج۔

27. اُس تاریخ کے بعد ریفر کیے جانے والے فزیشن سے فیس کا تسلسل، جس تاریخ پر کور ہونے والے شخص کو کسی دوسرے فزیشن یا اسپیشلسٹ کو ریفر کر دیا گیا ہو۔

28. ماسوا اس کے جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے، سالانہ تجدید کی تاریخ (واجب الادا تاریخ) کے بعد تکافل کی گزشتہ مدت کے دوران کسی حادثے بیماری یا موت ہونے سے لاگت یا علاج میں اضافہ۔

29. کسی بھی قانون سازی یا مماثل تکافل کور، جس کا تعلق پیشہ وارانہ موت، چوٹ، بیماری یا مرض سے ہو، کے تحت لاگت یا فوائد کی ادائیگی۔ یہ ممبرشپ نہ ہی کارکنان کمپنسیشن ایکٹ کے بجائے ہے اور نہ ہی کور یج کے لیے کارکنان کمپنسیشن ایکٹ کی کسی ضرورت کو متاثر کرتی ہے۔

30. واقعے کے آغاز ہونے کی تاریخ پر ساٹھ (60) سال سے زائد عمر کے افراد کے حوالے سے، جب تک بصورت دیگر ونڈو تکافل آپریٹر ممبرشپ کے آغاز سے پہلے تحریری طور پر اتفاق نہ کرے، کوئی علاج یا خرچہ جو دعوے میں اضافہ کرے۔

تکافل کیا ہے؟

''تکافل'' عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ''باہم ایک دوسرے کا ضامن بننا'' ہے۔ یہ ایک برادری تنظیمی نظام ہے۔ اس کے تحت پارٹیسپنٹس ضرورت کے موقع پر مشترکہ فنڈ سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں جو بھائی چارہ اور باہمی تعاون کے اصولوں کی بنیاد پر مبنی ہے۔

یہ نظام مندرجہ ذیل اصولوں پر کام کرتا ہے:

1. پارٹیسپنٹس ''تبرّع'' کی بنیاد پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کیلئے وقف پول میں ایک مقرّرہ رقم ادا کرتے ہیں جسے ''کنٹری بیوشن'' کہا جاتا ہے اور اس فنڈ کو ''وقف فنڈ'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔
2. ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل بڑی جاں فشانی اور حکمت کے ساتھ وقف فنڈ کا انتظام و انصرام کرتا ہے جسے حادثہ اور صحت تکافل شرکاء فنڈ (AHTPF) کہتے ہیں۔
3. کلیمز کی ادائیگی، حادثہ اور صحت تکافل شرکاء فنڈ (AHTPF) سے کی جاتی ہے۔
4. اضافی رقم ہونے کی صورت میں AHTPF میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر اور کمپنی کے مقرر کردہ ایکچو ری کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

منافع کی تقسیم

پرل تکافل پلان اپنے پارٹیسپنٹس کو صرف خطرات سے تحفظ ہی فراہم نہیں کرتا بلکہ AHTPF میں بچ جانے والی رقم (سرپلس) بھی پیش کرتا ہے۔ یہ پارٹیسپنٹ کو پیش کی جانے والی ایک منفرد خصوصیت ہے۔ جو پارٹیسپنٹ ایک رقم (عطیہ) بطور تبرع کنٹری بیوشن ادا کرے گا وہ وقف فنڈ سے ممکنہ سرپلس کی وصولی کا اہل ہو سکتا ہے۔ اگر بیان کردہ مدت کے اختتام پر کلیمز اور دیگر لاگت کی ادائیگی کے بعد اضافی رقم بچ گئی تو وہ درج ذیل مقاصد کے لیے استعمال کی جائے گی۔

1. فنڈ کا ایک حصہ وقف پول کو مستقبل میں مستحکم کرنے کے لئے مختص کیا جائے گا تاکہ آئندہ آنے والے بڑے کلیمز کی ادائیگی میں سہولت ہو۔
2. باقی موجودہ رقم (سرپلس) پارٹسپنٹس میں منصفانہ طور پر تقسیم کی جاسکتی ہے۔

بچ جانے والی اضافی رقم (سرپلس) کسی بھی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کی ملکیت نہیں ہوگی بلکہ یہ بڑے پیمانے پر ہمیشہ پول اور عوام کے مفاد میں استعمال کی جائے گی۔

فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، استحکام اور کمیونٹی کے فوائد کے لئے شرعی اصولوں کی مدد سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ تکافل کے زیر انتظام افراد باہمی تعاون کی بنیاد پر آپس میں ایک دوسرے کے مستقبل میں ہونے والے خطرات کو تقسیم کرتے ہیں۔

ہمارے شریعہ ایڈوائزر:

ہماری تمام پروڈکٹس ایک ماہر باصلاحیت شرعی ایڈوائزر کی زیر نگرانی شریعت کے اصولوں کے مطابق منظور شدہ ہوتی ہیں۔ اسکے علاوہ ایک انٹرنل شریعہ کمپلائنٹ ڈپارٹمنٹ سرمایہ کاری اور آپریشنل مسائل کے لیے شریعت کے اصولوں کے مطابق راہنمائی اور حل فراہم کرتا ہے۔

ونڈو تکافل آپریٹر کے شریعہ کمپلائنز کو مزید مستحکم کرنے کے لئے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ بھی کیا جاتا ہے۔

انتباہ:

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے تحریر کی گئی ہے۔ بینک اسلامی پاکستان یا اُس کا کوئی ملحقہ ادارہ نہ ہی اس پروڈکٹ کی ضمانت دیتا ہے اور نہ ہی اس کا تحفظ کرتا ہے، اور نہ ہی یہ بینک کی پروڈکٹ ہے۔
- تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فوائد کی ایک ذاتی السٹریشن فراہم کی جائیگی۔ از راہ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط اچھی طرح سمجھ لیجے۔
- براہ کرم پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) پر دی گئی تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط اچھی طرح سمجھ لیجے۔
- بینک اسلامی لمیٹڈ، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے بطور ایجنٹ کام کر رہا ہے اور کسی بھی صارف،/اُس کے مستفید ہونے والوں یا تیسرے فریق کے سامنے کسی بھی طرح سے، کسی بھی بات کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- جوبلی ہیلتھ شیلڈ پر عمل درآمد اور اس کی منظوری جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کی ضمانت کے رہنما اصولوں کے ذریعے دی گئی ہے۔ بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ، اِن درخواستوں کی کارروائی اور منظوری کا کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں ہے۔
- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز AHTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندا ہے اور ممبر شپ کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور کورڈ کسٹمرز اور بنیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ونڈو تکافل آپریشنز

ہیڈ آفس :A-74/1 لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ کراچی 74000، پاکستان۔

ٹیلی فون: 35205094 ,32120201 (021)

فیکس: 35610805 ,35610959 (021)

ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

یواے این: (021) 111-111-554 (JLI)

Jubilee
FAMILY TAKAFUL

جوبلی فیملی تکافل۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کے "جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان" وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے، مزید یہ کہ جوبلی فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمداللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

لہٰذا میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے "جوبلی ہیلتھ شیلڈ تکافل پلان" کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز
شرعی مشیر: جوبلی لائف انشورنس کمپنی۔ ونڈو تکافل آپریشنز